نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

31 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

469/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امدادی کارروائیوں میں معاونت کیلئے مشترکہ فضائی رابطہ سیل کا قیام

اسلام آباد (31 اگست 2010ء) ___ پاکستان میں سیلاب زدگان کیلئے امدادی کارروائیوں میں تسلسل کیلئے مشترکہ فضائی رابطہ سیل (جے اے سی سی) تشکیل دینے کی غرض سے 28 اگست کو راولپنڈی میں پاک فضائیہ کے چکلالہ ائیربیس پر متعدد پاکستانی، امریکی اور بین الاقوامی فوجی اور سویلین تنظیموں کا ایک اجتماع ہوا۔

پاکستان نیشنل ڈیزاسٹر مینیجمنٹ اتھارٹی کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) ندیم احمد نے جے اے سی سی قائم کیا ہے اور پاکستان آرمی ایوی ایشن کمانڈ کے کمانڈر میجر جنرل راجہ محمد عارف نذیر کو اس کی سربراہی پر تعینات کیا ہے۔ جے اے سی سی کے پہلے اجلاس میں نیشنل ڈیزاسٹر مینیجمنٹ اتھارٹی، پاک فوج اور فضائیہ، اقوام متحدہ کے شعبۂ نقل وحمل، عالمی ادارۂ خوراک اور امریکہ کے نمائندوں نے شرکت کی۔

ملک میں طوفانی بارشوں اور قصبوں اور دیہات میں پانی داخل ہونے سے بہت سے لوگ خوراک، پانی، سرچھپانے کے ٹھکانوں اور دیگر بنیادی ضروریات سے محروم ہو گئے تھے۔ امدادی سامان کو انتہائی ضرورت والے علاقوں میں بھجوانے کیلئے چکلالہ ائیربیس پر پاک فضائیہ کا سینٹرل فلڈ ریلیف سیل موجود تھا، لیکن ابھی تک امدادی کارروائیوں میں شریک پاکستانی اور بین الاقوامی تنظیموں کے مابین ابلاغ کا فقدان تھا۔

پاکستان کو انسانی بنیادوں پر امداد فراہم کرنے میں مصروف چکلالہ میں تعینات امریکی افواج کے ڈائریکٹر اور امریکی فضائیہ کے کرنل گریگ نیلسن نے کہا ہے کہ پاکستان کی سربراہی میں کام کرنے والا جے اے سی سی ہر ایک کی امدادی کوششوں کو تقویت دیتا ہے اور روز افزوں بڑھتی ہوئی اس عظیم کامیابی کو ظاہر کرتا ہے۔

شرکاء نے خوراک اور سپلائی کی جانے والی دیگر اشیاء کے دستیاب ذخیرے، پاکستان بھر میں سیلاب زدہ علاقوں کے عوام کی ضروریات اور پورے ملک میں ان اشیاء کو پہنچانے کے ذرائع پر گفتگو کی۔ یہ اجلاس امدادی کارروائیوں میں شریک ممالک اور اداروں کے مابین ابلاغ میں سہولت پیدا کرنے اور بہت سے عطیات، فضائی اثاثوں اور معاونین سے بہتر طریقے سے کام لینے کا موقع فراہم کرنے میں معاون ثابت ہوا۔

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov پر ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹر زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800